نصاب برائے

# تدریسِ قرآن مجید (لازمی)

## اوّل تا بارہویں جماعت 2024ء



نظامتِ نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# تدریسِ قرآن مجید (لازمی)

## اوّل تا بارہویں جماعت 2024ء

**DIRECTORATE OF CURRICULUM & TEACHER EDUCATION**

KHYBER PAKHTUNKHWA ABBOTTABAD

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1. | پیش لفظ | 01 |
| 2. | تدریس قرآن مجید کے اہداف و مقاصد | 02 |
| 3. | تدریس قرآن مجید کے نصاب کی ترتیب | 03-05 |
| 4. | موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں | |
| | جماعت اوّل (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 06-07 |
| | جماعت دوم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 07 |
| | جماعت سوم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 08 |
| | جماعت چہارم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 08-09 |
| | جماعت پنجم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 09-10 |
| | جماعت ششم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 10-11 |
| | جماعت ہفتم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 11-12 |
| | جماعت ہشتم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 12-13 |
| | جماعت نہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 13 |
| | جماعت دہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 14 |
| | جماعت یازدہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 14-15 |
| | جماعت دوازدہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں) | 15 |
| 5. | ہدایات برائے معلمین / تدریسی حکمت عملی | 16 |
| 6. | ہدایات برائے مصنفین / مؤلفین | 17 |
| 7. | جائزہ اور مشقی سوالات سے متعلق ہدایات | 18 |
| 8. | ہدایت برائے پبلشرز | 19 |
| 9. | ممبران ڈویلپمنٹ / نظر ثانی کمیٹی | 20 |

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۞

# پیش لفظ

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جو سیدنا رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر نازل کی گئی۔ یہ قیامت تک انسانوں کی ہدایت کا واحد ذریعہ ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت، اس کی تعلیمات کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا کامیابی کی ضمانت ہے۔

قرآن مجید طلبہ کے تزکیہ نفس، ان کی اخلاقی تربیت اور کردار سازی کا ذریعہ ہے۔ عصرِ حاضر میں نوجوان نسل کی اسلامی خطوط پر تربیت ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ اس کے پیشِ نظر حکومتِ خیبر پختونخوا نے آئینِ پاکستان کے آرٹیکل 31 اور لازمی تدریسِ قرآن مجید ایکٹ 2018 کی روشنی میں پہلی سے بارہویں جماعت تک قرآن مجید کی تعلیم کو لازمی قرار دے کر ایک مقدس فرض کی تکمیل کی ہے۔

تدریس قرآن مجید کے نصاب کی تشکیل میں تمام مسالک کے علماء، محققین، مدارس، سکولز، کالجز اور جامعات کے اساتذہ و سکالرز کی آرا کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ طلبہ کے لئے نصاب آسان عام فہم اور جامع ہو۔

امید ہے کہ انشاءاللہ اس کوشش کے ذریعہ قرآن مجید کی تدریس آسان اور احسن طریقہ سے ممکن ہو سکے گی اور نسل نو کو بہترین اور باعمل مسلمان بنانے میں معاون ثابت ہو گی۔ یوں افراد کی تبدیلی ایک صالح معاشرہ کے قیام کا زریعہ بنے گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس مقصد کے حصول میں وہ ہمارا حامی و ناصر ہو، ہماری یہ کاوش قبول فرمائے اور اسے ہمارے لئے صدقہ جاریہ بنائے۔ (آمین)

**جعفر منصور عباسی**

ڈائریکٹر نظامت نصاب و تعلیمِ اساتذہ خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

## تدریسِ قرآن مجید کے اہداف و مقاصد

### (جماعت اوّل تا بارہویں)

ناظرہ قرآن مجید اور ترجمہ قرآن مجید کے نصاب کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

1. قرآن مجید پر بطور آخری الہامی کتاب ایمان لاتے ہوئے اس کی تلاوت، ہدایت، عمل اور ثواب کی نیت سے کر سکیں۔
2. تلاوتِ قرآن مجید کی اہمیت اور آداب سے واقف ہو سکیں۔
3. قرآن مجید کی تلاوت تجوید کے قواعد کے مطابق کر سکیں۔
4. قرآنی تعلیمات کی روشنی میں بنیادی عقائد اور احکام سمجھ سکیں۔
5. قرآن مجید کا ترجمہ جان کر اس کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔
6. قرآن مجید کی تعلیمات کو فرد اور معاشرہ کی دنیوی اور اخروی کامیابی کا ذریعہ سمجھ سکیں۔
7. خشیتِ الٰہی، اخلاص اور ذوق و شوق کے ساتھ اپنی روزمرہ زندگی میں قرآن مجید کی تعلیمات کو اپنا سکیں۔
8. قرآن مجید کی روشنی میں حیات انسانی کے حقیقی مقصد اور عبادات کی اصل روح سمجھ سکیں۔
9. قرآنی تعلیمات کے مطابق باہمی اتحاد و یگانگت اور اسلام کے اعلیٰ اخلاقی معیارات کو فروغ دے سکیں۔
10. قرآنی تعلیمات کی روشنی میں نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کر سکیں۔
11. قرآنی تعلیمات کی روشنی میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتے ہوئے صالح معاشرہ کے قیام کے لئے جدوجہد کر سکیں۔
12. قرآن مجید میں مذکور قصص الانبیاء سے اپنی عملی زندگی میں راہ نمائی حاصل کر سکیں۔
13. اسلامی اقدار اور روایات سے متصادم ثقافتی یلغار سے متاثر ہوئے بغیر اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی قرآنی تعلیمات کے مطابق استوار کر سکیں۔

# تدریسِ قرآن مجید کے نصاب کی ترتیب

تدریس قرآن مجید (بطورِلازمی مضمون) کا نصاب پہلی سے بارہویں جماعت تک ہے۔ یہ نصاب طلبہ کی طبعی و ذہنی سطح کے مطابق ترتیب دیا گیاہے۔اس نصاب کی چند اصطلاحات درج ذیل ہیں:

1. **اجزا** (Strands)

تدریس قرآن مجید (بطورِلازمی مضمون) کا نصاب دو اجزا پر مشتمل ہے:

i. ناظرہ قرآن مجید مع آسان تجوید (پرائمری)

ii. مطالعہ قرآن حکیم (چھٹی تا بارہویں)

2. **معیارات** (Standards)

معیارات سے مراد وہ متوقع علم اور مہارتیں ہیں جو طلبہ بارہ سالوں میں سیکھ کر اور ان کے مطابق اپنی زندگیاں سنواریں گے۔

3. **حدودِ تدریج** (Benchmarks)

تدریس قرآن مجید کے نصاب کو پانچ حدودِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حدودِ تدریج معیارات کے حصول کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔ حدودِ تدریج کی تفصیل درج ذیل ہے:

| حدودِ تدریج | جماعتیں |
|---|---|
| پہلا مرحلہ | پہلی جماعت |
| دوسرا مرحلہ | دوسری تا پانچویں جماعت |
| تیسرا مرحلہ | چھٹی تا آٹھویں جماعت |
| چوتھا مرحلہ | نویں اور دسویں جماعت |
| پانچواں مرحلہ | گیارہویں اور بارہویں جماعت |

4. **حاصلاتِ تعلم** (Learning Outcomes)

تدریس قرآن مجید کے نصاب کو پانچ حدودِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حدِ تدریج کے حصول کے لئے ہر جماعت اور عنوان کے لئے حاصلاتِ تعلم مقرر کئے گئے ہیں۔

5. **مجوّزہ سرگرمیاں** (Suggested Activities)

نصاب تدریس قرآن مجید کے حاصلاتِ تعلم کے بہتر حصول کے لئے طلبہ کی ذہنی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں۔

## الف۔ جزواوّل          ناظرۂ قرآن مجید

### معیار(Standard):

قرآن مجید کی تلاوت درست تلفظ، روانی اور رموزِ او قاف کے مطابق کریں۔

| حدودِ تدریج (Benchmarks)      اوّل | حدودِ تدریج (Benchmarks)      دوم تا پنجم |
|---|---|
| • عربی حروفِ تہجی کے نام جان سکیں۔<br>• حروفِ تہجی کی اشکال پہچان سکیں۔<br>• اعراب و حرکات پہچان سکیں۔<br>• رموزِ او قاف سے واقف ہو سکیں۔<br>• تجوید کے بنیادی اصول اور قواعد سیکھ سکیں۔<br>• تلاوت قرآن مجید کے دوران تجوید کے بنیادی قواعد استعمال کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی تلاوت کے آداب اور اس کی عظمت و اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• آخری چار سورتیں درست تلفظ کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔ | • تلاوت قرآن مجید کے آداب سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• تلاوت قرآن مجید کی عظمت و اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• تلاوت قرآن مجید درست تلفظ، روانی اور رموزِ او قاف کے مطابق کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی مختصر سورتیں درست تلفظ کے ساتھ یاد کر کے نماز میں پڑھنے کا اہتمام کر سکیں۔<br>• حروف کے مخارج اور تجویدی قواعد کا خیال رکھتے ہوئے تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی تلاوت کو روز مرہ زندگی کا معمول بنا سکیں۔ |

## ب۔ ترجمۂ قرآن مجید:

### معیار(Standard):

قرآن مجید کا ترجمہ اور مفہوم سمجھ کر اس کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| حدودِ تدریج (Benchmarks)      ششم تا ہشتم | حدودِ تدریج (Benchmarks)      نہم، دہم |
|---|---|
| • قرآن مجید کی منتخب سورتوں کا ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>• منتخب سورتوں کا تعارف اور مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• منتخب سورتوں کے مرکزی مضامین ، اہم نکات اور مشکل الفاظ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔ | • قرآن مجید کی منتخب سورتوں کا لفظی و بامحاورہ ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>• سورتوں کے تعارف، مرکزی مضامین، اہم نکات اور مشکل الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>• انبیاء کرام علیھم السلام کے واقعات سے نصیحت حاصل کرتے |

| | |
|---|---|
| • انبیاء کرام علیہم السلام کے قصوں کو سمجھ کر ان سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• عربی گرائمر کے قواعد (کلمہ اور اس کی اقسام) سے واقف ہو کر ان کا استعمال کر سکیں۔ | ہوئے عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔<br>• سورتوں میں موجود تعلیمات و احکام سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔<br>• عربی قواعد (جملہ اور اس کی اقسام) سے آگاہ ہو سکیں۔ |

## معیار(Standard):

قرآن مجید کا ترجمہ اور مفہوم سمجھ کر اس کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| حدودِ تدریج (Benchmarks) یازدھم، دوازدھم |
|---|
| • منتخب سورتوں کا تعارف اور ان کے مرکزی مضامین سمجھ سکیں۔<br>• منتخب سورتوں میں بیان کردہ احکام سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• منتخب سورتوں کا لفظی و بامحاورہ ترجمہ اور مشکل الفاظ کے معانی سمجھ سکیں۔<br>• منتخب سورتوں سے عملی نکات اخذ کر سکیں۔<br>• سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اور احکام کو عملی زندگی میں اپنا سکیں۔ |

## 4. موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں

### جماعت اوّل (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| موضوعات (Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|
| ناظرہ قرآن مجید قرآنی قاعدہ مع آخری چار سورتیں | قرآنی قاعدہ اور آخری چار سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• عربی حروف تہجی کی تعداد بتا سکیں۔<br>• عربی حروف تہجی کی اشکال پہچان کر ان کے نام بتا سکیں۔<br>• عربی حروف تہجی کی آوازیں پہچان سکیں۔<br>• عربی حروف تہجی بمطابق مخارج ادا کر سکیں۔<br>• حرکات (زبر، زیر، پیش) کو پہچان کر درست تلفظ کے ساتھ ادا کر سکیں۔<br>• ایک جیسی آوازوں والے حروف کی ادائی میں فرق کر سکیں۔<br>• جزم والے حروف کو درست تلفظ سے ادا کر سکیں۔<br>• کھڑی زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش کی علامات جان کر انہیں درست تلفظ سے ادا کر سکیں۔<br>• حروف مدہ (الف مدہ، واؤ مدہ اور یائے مدہ) کی شناخت کرتے ہوئے انہیں درست تلفظ سے ادا کر سکیں۔<br>• حروف لین (واؤ لین اور یائے لین) کو پہچان کر انہیں درست تلفظ سے ادا کر سکیں۔<br>• شد کی علامت کی شناخت کرتے ہوئے مشدد حروف درست تلفظ سے ادا کر سکیں۔<br>• الف اور ہمزہ میں فرق کر سکیں۔<br>• ہمزہ ساکن اور قلقلہ سے آگاہ ہو کر ان کی درست ادائی کر سکیں۔<br>• نون ساکن اور تنوین میں فرق کر سکیں۔ | • تلاوت کے آداب پر مبنی چارٹ آویزاں کریں۔<br>• طلبہ کو کسی معروف قاری کی آواز میں حروف تہجی سنائیں۔<br>• طلبہ سے حروف تہجی پر مبنی چارٹس بنوا کر ان کی پہچان کرائی جائے۔<br>• طلبہ کو حروف تہجی پر مبنی کارڈز دے کر انہیں ترتیب دینے کا کہا جائے۔<br>• طلبہ کے درمیان حروف تہجی کی درست ادائی اور شامل نصاب سورتوں کی تلاوت کا مقابلہ کرایا جائے۔<br>• نصاب میں شامل سورتوں کی تلاوت کسی معروف قاری کی آواز میں سنوا کر طلبہ کو اس کے مطابق تلاوت کرنے کی مشق کرائیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | • نون ساکن اور تنوین درست تلفظ سے ادا کر سکیں۔<br>• غنہ کے قواعد سے آگاہ ہو کر الفاظ کی درست ادائی کر سکیں۔ | |

## جماعت دوم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سر گرمیاں)

| موضوعات (Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سر گرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|
| ناظرہ قرآن مجید (پہلے دو پارے) | پہلے اور دوسرے پارے کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• پارہ ایک اور دو کی درست تلفظ اور رموز او قاف کا خیال رکھتے ہوئے تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کے آداب کے مطابق تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی عظمت و اہمیت کو سمجھتے ہوئے اس کی تلاوت کر سکیں۔<br>• غنہ (میم مشدد، نون مشدد) کے قواعد جان کر ان کے مطابق تلاوت کر سکیں۔<br>• حروف حلقی کی تعداد اور نام جان کر ان کی درست ادائی کر سکیں۔<br>• نون ساکن و نون تنوین کے احکام (اظہار، اخفاء، ادغام اور اقلاب) جان کر ان کے مطابق درست تلاوت کر سکیں۔ | • تلاوت قرآن مجید کے آداب پر مبنی چارٹ بنوا کر اس کی عملی مشق کرائیں۔<br>• کسی معروف قاری کی آواز میں تلاوت سنا کر اس کی مشق کرائیں۔<br>• طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے درمیان حسنِ قرأت کا مقابلہ منعقد کرائیں۔<br>• حروف حلقی پر مشتمل چارٹس تیار کرائیں۔<br>• طلبہ کے گروہ بنا کر ان کے درمیان اظہار، اخفاء اور غنہ کے قواعد کا مقابلہ کرائیں۔ |

## جماعت سوم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات (Themes) |
|---|---|---|
| • طلبہ سے آداب تلاوت پر مشتمل چارٹ تیار کرائیں۔<br>• طلبہ معروف قاریوں کی آڈیوز سن کر اپنی قرأت درست کریں۔<br>• انفرادی تلاوت کی مشق کریں۔<br>• طلبہ کے مابین حسنِ قرأت کے مقابلے کا انعقاد کرائیں۔<br>• حروف شمسی اور حروف قمری پر مبنی چارٹس تیار کرائیں۔<br>• صفات لازمہ پر مشتمل چارٹس تیار کرائیں اور ان کی درست ادائی کی مشق کرائیں۔ | پارہ 3 تا 8 کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• پارہ تین تا آٹھ کی درست تلفظ اور رموز او قاف کے مطابق روانی سے تلاوت کر سکیں۔<br>• حروف شمسی اور قمری کو پہچانتے ہوئے ان کی درست ادائی کر سکیں۔<br>• صفات لازمہ (متعارضہ اور غیر متعارضہ) کی تعداد جان کر ان صفات کو درست ادا کر سکیں۔ | ناظرہ قرآن مجید (پارہ 3 تا 8) |

## جماعت چہارم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات (Themes) |
|---|---|---|
| • طلبہ معلم کی نگرانی میں حروف کے مخارج کی مشق کریں۔<br>• رموز او قاف پر مبنی چارٹس تیار کرائیں۔<br>• طلبہ انفرادی تلاوت کی مشق کریں۔ | پارہ 9 تا 18 کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• پارہ 9 تا 18 کی درست مخارج اور رموز او قاف کے مطابق روانی سے تلاوت کر سکیں۔<br>• صفات عارضہ کی تعداد اور قواعد جان کر حروف کی درست ادائی کر سکیں۔ | ناظرہ قرآن مجید (پارہ 9 تا 18) |

| | | |
|---|---|---|
| • مد متصل اور مد منفصل کی پہچان کرتے ہوئے ان کی درست ادائی کر سکیں۔<br>• حروف مستعلیہ کی تعداد اور ان کے قواعد جان کر ان کی درست ادائی کر سکیں۔ | • طلبہ کے مابین حسنِ قرأت کے مقابلے کا انعقاد کرائیں۔<br>• طلبہ کے دو گروہ بنا کر ان سے صفات عارضہ کی تعداد اور قواعد پر مبنی چارٹس تیار کرائیں۔ | |

## جماعت پنجم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| موضوعات (Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|
| ناظرہ قرآن مجید (پارہ19 تا30) | پارہ19 تا30 کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• پارہ19 تا30 کے متن کی تجویدی قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے روانی سے تلاوت کر سکیں۔<br>• حروف کے مخارج اور ان سے ادا ہونے والے حروف کی الگ الگ پہچان کر کے ان کو درست ادا کر سکیں۔<br>• باریک اور موٹے پڑھے جانے والے حروف سے آگاہ ہو کر ان کی درست ادائی کر سکیں۔<br>• مد لازم کلمی مثقل اور مد لازم کلمی مخفف کی پہچان کرتے ہوئے ان کی درست ادائی کر سکیں۔<br>• متن پڑھ کر یا سن کر بتا سکیں کہ اس میں تجوید کے کون کون سے قواعد کا اطلاق ہوتا ہے۔ | • طلبہ جوڑوں کی صورت میں درست تلفظ کے مطابق تلاوت کی مشق کریں۔<br>• معروف قاری کی آڈیو سن کر اپنی قرأت درست کریں۔<br>• طلبہ کے مابین حسنِ قرأت کے مقابلے کا انعقاد کرائیں۔<br>• حروف کے مخارج کا چارٹ لا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں اور طلبہ سے مخارج کی درست ادائی کی مشق کرائیں۔<br>• کوئی مختصر آیت کریمہ تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے تجویدی قواعد اخذ کرائیں۔<br>• حروف یرملون تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے ان کی درست ادائی کی مشق کرائیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| • طلبہ مختلف سورتوں سے "مد" تلاش کریں اور درست ادائی کی مشق کریں۔ | | |

## جماعت ششم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات (Themes) |
|---|---|---|
| • تلاوتِ قرآنِ مجید کے آداب (ظاہری اور باطنی) پر مبنی ایک چارٹ تیار کرائیں۔<br>• گلوب / گوگل میپ / دنیا کے نقشے پر نصاب میں شامل انبیاء کرام علیہم السلام کے مقام بعثت کی نشان دہی کرائیں۔<br>• طلبہ کے مابین آخری دس سورتوں کے تعارف پر مبنی مذاکرہ کرائیں۔<br>• سورۃ الفاتحہ اور آخری دس سورتوں میں موجود بنیادی تعلیمات کے حوالے سے طلبہ کے مابین سوال و جواب کا مقابلہ کرائیں۔<br>• تختہ تحریر پر سورتوں کے وہ الفاظ لکھیں جن میں اسم پایا جاتا ہے اور طلبہ سے ان کی پہچان کرائیں۔<br>• سورۃ الاعراف اور سورۃ الشعراء کی روشنی میں نافرمان قوموں میں پائی جانی والی برائیوں اور ان پر نازل | منتخب سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>1. تلاوتِ قرآنِ مجید کے آداب (ظاہری اور باطنی) جان کر ان پر عمل کر سکیں۔<br>2. مذکورہ سورتوں کے تعارف سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>3. مذکورہ سورتوں کا لفظی اور بامحاورہ ترجمہ کر سکیں اور ان کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>4. مذکورہ سورتوں کے مرکزی مضامین جان سکیں۔<br>5. منتخب سورتوں میں مذکور انبیاء کرام علیہم السلام کے متعلق جان سکیں۔<br>6. انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات کے بنیادی نکات سمجھ کر ان سے نصیحت حاصل کر سکیں۔<br>7. سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>8. کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) جان سکیں اور منتخب سورتوں کے قرآنی الفاظ کی پہچان ان بنیادوں پر کر سکیں۔ | 1. سورۃ الفاتحۃ<br>2. سورۃ الاعراف<br>3. سورۃ الشعرآء<br>4. سورۃ الصّٰٓفّٰت<br>5. سورۃ الفیل تا سورۃ الناس<br>6. کلمہ اور اس کی اقسام |

| | | |
|---|---|---|
| ہونے والے عذابوں کی فہرست تیار کرا کے مباحثہ کرائیں۔ | | |

## جماعت ہفتم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات (Themes) |
|---|---|---|
| • نقشہ / گلوب / گوگل میپ پر مختلف انبیاء کرام علیہم السلام کے مقام بعثت کی نشان دہی کرائیں۔<br>• منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین کے حوالے سے طلبہ کے مابین سوال و جواب کا مقابلہ کرائیں۔<br>• مذکورہ سورتوں میں بیان ہونے والے واقعات کو کہانی کی صورت میں سنائیں۔<br>• مذکورہ انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات سے حاصل ہونے والے سبق کے حوالے سے طلبہ کے مابین مباحثہ کرائیں۔<br>• منتخب سورتوں میں فعل کی اقسام تلاش کرائیں۔<br>• طلبہ کے جوڑے بنا کر مذکورہ سورتوں کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ کا تکرار کرائیں۔<br>• سورۃ ھود اور سورۃ القصص کی روشنی میں نافرمان قوموں میں پائی جانی والی | منتخب سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>1. منتخب سورتوں کا تعارف جان سکیں۔<br>2. منتخب سورتوں کے مشکل الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>3. منتخب سورتوں کا لفظی اور بامحاورہ ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>4. منتخب سورتوں کے مضامین سے آگاہ ہو سکیں۔<br>5. منتخب سورتوں کی روشنی میں انبیاء کرام علیہم السلام کے متعلق جان سکیں۔<br>6. منتخب سورتوں میں موجود انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص کے اہم نکات جان کر ان سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>7. منتخب سورتوں میں مذکور دعاؤں کو ترجمہ کے ساتھ یاد کر کے پڑھنے کا معمول بنا سکیں۔<br>8. ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اور احکام کو سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔<br>9. کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) جان سکیں اور منتخب سورتوں کے قرآنی الفاظ کی پہچان ان بنیادوں پر کر سکیں۔ | 1. سورۃ ھود<br>2. سورۃ طٰهٰ<br>3. سورۃ القصص<br>4. سورۃ صٓ<br>5. سورۃ النبأ تا سورۃ الھمزہ<br>6. کلمہ اور اس کی اقسام |

| | | |
|---|---|---|
| برائیوں اور ان پر نازل ہونے والے عذابوں کی فہرست تیار کرا کے مباحثہ کریں۔ | | |

## جماعت ہشتم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات (Themes) |
|---|---|---|
| • نقشہ / گلوب / گوگل میپ پر حضرت یوسف علیہ السلام کی مقام بعثت، مقام قید اور مقام پیدائش کی نشان دہی کرائیں۔<br>• منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین نکات کی صورت میں تختہ تحریر پر لکھوائیں۔<br>• منتخب سورتوں کے اہم مضامین کے بارے میں طلبہ کے مابین مذاکرہ کرائیں۔<br>• حضرت یوسف علیہ السلام کا قصہ کہانی کی صورت میں طلبہ کو سنائیں۔<br>• حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعے کے مختلف پہلوؤں سے حاصل ہونے والے سبق پر مشتمل فہرست تیار کرائیں۔<br>• سورۃ المرسلات میں کلمہ کی قسم حرف کی نشاندہی کرائیں۔<br>• اصحاب کہف کا قصہ کہانی کی صورت | منتخب سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>1. منتخب سورتوں کا تعارف جان سکیں۔<br>2. منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین سے آگاہ ہو سکیں۔<br>3. منتخب سورتوں کا لفظی اور با محاورہ ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>4. منتخب سورتوں کے مشکل الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>5. منتخب سورتوں میں مذکور دعائیں ترجمہ کے ساتھ یاد کر کے اپنے معمول میں لا سکیں۔<br>6. منتخب سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اور احکام سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>7. منتخب سورتوں میں مذکور انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات کے اہم نکات جان کر ان سے راہ نمائی حاصل کر سکیں۔<br>8. کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل، حرف) جان سکیں اور ان بنیادوں پر منتخب سورتوں کے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | 1. سورۃ یوسف<br>2. سورۃ الکہف<br>3. سورۃ الزخرف<br>4. سورۃ الدخان<br>5. سورۃ الجاثیۃ<br>6. سورۃ قٓ<br>7. سورۃ الذاریات<br>8. سورۃ الطور<br>9. سورۃ النجم<br>10. سورۃ القمر<br>11. سورۃ الرحمٰن<br>12. سورۃ الواقعۃ<br>13. سورۃ الملک<br>14. سورۃ القلم<br>15. سورۃ الحاقۃ<br>16. سورۃ المعارج<br>17. سورۃ نوح<br>18. سورۃ الجن<br>19. سورۃ المزمل<br>20. سورۃ المدثر<br>21. سورۃ القیامۃ |

| | | |
|---|---|---|
| میں طلبہ کو سنائیں۔<br>● اصحاب کہف سے حاصل ہونے والے اسباق کی فہرست تیار کر کے مذاکرہ کرائیں۔ | | 22. سورۃ الدھر<br>23. سورۃ المرسلٰت<br>24. کلمہ اور اس کی اقسام |

## جماعت نہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | موضوعات (Themes) |
|---|---|---|
| ● ہر سورت کے بنیادی مضامین پر مشتمل چارٹس بنائیں۔<br>● تختہ تحریر پر تشریح طلب الفاظ لکھ کر طلبہ سے معانی اخذ کرائیں۔<br>● ان سورتوں میں موجود اہم نکات طلبہ سے اخذ کرائیں۔<br>● انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات سے حاصل ہونے والے عملی نکات کی فہرست تیار کرائیں۔<br>● سورۃ النمل میں مذکور سیدنا سلیمان علیہ السلام کا قصہ طلبہ کو کہانی کی صورت میں سنائیں۔<br>● سورۃ الفرقان کی روشنی میں عبادالرحمٰن کی صفات کی فہرست بنا کر اپنی زندگی کا جائزہ لیں۔ | منتخب سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>1. منتخب سورتوں کا تعارف جان سکیں۔<br>2. منتخب سورتوں کے مشکل الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>3. منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین جان سکیں۔<br>4. منتخب سورتوں کا لفظی اور بامحاورہ ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>5. منتخب سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اور احکام سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>6. منتخب سورتوں میں مذکور دعائیں ترجمہ کے ساتھ یاد کر کے پڑھنے کا معمول بنا سکیں۔<br>7. مذکورہ سورتوں میں موجود انبیاء کرام علیہم السلام کے متعلق جان سکیں۔ | 1. سورۃ مریم<br>2. سورۃ الانبیآء<br>3. سورۃ الحج<br>4. سورۃ المؤمنون<br>5. سورۃ الفرقان<br>6. سورۃ النمل<br>7. سورۃ العنکبوت<br>8. سورۃ الروم<br>9. سورۃ لقمان<br>10. سورۃ الٓمٓ سجدۃ<br>11. سورۃ سبا<br>12. سورۃ فاطر<br>13. سورۃ یٰسٓ |

## جماعت دہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| موضوعات (Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|
| 1. سورۃ الأنعام<br>2. سورۃ یونس<br>3. سورۃ الرعد<br>4. سورۃ ابراھیم<br>5. سورۃ حجر<br>6. سورۃ النحل<br>7. سورۃ بنی اسرائیل<br>8. سورۃ الزمر<br>9. سورۃ مؤمن | منتخب سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>1. منتخب سورتوں کا تعارف جان سکیں۔<br>2. منتخب سورتوں کے مشکل الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>3. منتخب سورتوں کا لفظی اور بامحاورہ ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>4. منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین اخذ کر سکیں۔<br>5. منتخب سورتوں میں مذکور دعائیں مع ترجمہ یاد کر کے پڑھنے کا معمول بنا سکیں۔<br>6. سورتوں میں موجود انبیاء کرام علیہم السلام کے متعلق جان سکیں۔<br>7. منتخب سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اور احکام کو سمجھ کر عملی زندگی میں اپنا سکیں۔ | • منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین پر طلبہ کے مابین مباحثہ کرائیں۔<br>• منتخب سورتوں کی تعلیمات سے عملی نکات اخذ کرائیں۔<br>• طلبہ کے مختلف گروہ بنا کر ان سے مختلف سورتوں میں بیان کئے گئے واقعات کے اہم نکات پر مبنی فہرست تیار کرائیں۔<br>• سورۃ بنی اسرائیل کی روشنی میں واقعہ معراج کی اہمیت و تفصیل سے آگاہ کریں۔<br>• سورۃ بنی اسرائیل کی روشنی میں اخلاقی تعلیمات کی فہرست بنا کر مباحثہ کرائیں۔ |

## جماعت یازدھم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)

| موضوعات (Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|
| 1. سورۃ البقرۃ<br>2. سورۃ آل عمران<br>3. سورۃ الأنفال<br>4. سورۃ التوبۃ<br>5. سورۃ الأحقاف | منتخب سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>1. منتخب سورتوں کا تعارف جان سکیں۔<br>2. منتخب سورتوں کے مشکل الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>3. منتخب سورتوں کا لفظی اور بامحاورہ ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>4. منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین اخذ کر سکیں۔ | • سورتوں میں بیان شدہ احکام کی فہرست بنائیں۔<br>• تشریح طلب الفاظ تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے معانی اخذ کرائیں۔<br>• سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات کے اہم نکات طلبہ سے اخذ کرائیں۔<br>• طلبہ ان سورتوں میں بیان کردہ عملی نکات |

| | | |
|---|---|---|
| | 5. منتخب سورتوں میں مذکور دعائیں مع ترجمہ یاد کر کے پڑھنے کا معمول بنا سکیں۔<br>6. منتخب سورتوں میں مذکور انبیاء کرام علیھم السلام کے متعلق جان سکیں۔<br>7. منتخب سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اور احکام سمجھ کر عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | پر گروہی مباحثہ کریں۔<br>• طلبہ کے جوڑے بنا کر ترجمہ کا تکرار کرائیں۔<br>• اتباعِ سنت کے موضوع پر طلبہ کے مابین تقریری مقابلہ کرائیں۔ |

**جماعت دوازدھم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوزہ سرگرمیاں)**

| موضوعات (Themes) | حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) | مجوزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) |
|---|---|---|
| 1. سورۃ النسآء<br>2. سورۃ المآئدۃ<br>3. سورۃ النور<br>4. سورۃ الأحزاب<br>5. سورۃ حٰمٓ السجدۃ<br>6. سورۃ الشورٰی<br>7. سورۃ محمد<br>8. سورۃ الفتح<br>9. سورۃ الحجرات<br>10. سورۃ الحدید<br>11. سورۃ المجادلۃ<br>12. سورۃ الحشر<br>13. سورۃ الممتحنۃ<br>14. سورۃ الصف<br>15. سورۃ الجمعۃ<br>16. سورۃ المنافقون<br>17. سورۃ التغابن<br>18. سورۃ الطلاق<br>19. سورۃ التحریم | منتخب سورتوں کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>1. منتخب سورتوں کا تعارف جان سکیں۔<br>2. منتخب سورتوں کے مشکل الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>3. منتخب سورتوں کا لفظی اور با محاورہ ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>4. منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین اخذ کر سکیں۔<br>5. منتخب سورتوں میں مذکور انبیاء کرام علیھم السلام کے متعلق جان سکیں۔<br>6. منتخب سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات اور احکام سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔ | • منتخب سورتوں کے بنیادی مضامین طلبہ سے اخذ کرائیں۔<br>• سورتوں میں بیان شدہ احکام کی فہرست بنائیں۔<br>• سورۃ النسآء کی روشنی میں طلبہ سے محرمات کی فہرست تیار کرائیں۔<br>• طلبہ سے ان سورتوں میں بیان کردہ عملی نکات پر گروہی مباحثہ کرائیں۔<br>• عقیدۂ ختمِ نبوت کے موضوع پر تقریری مقابلہ کرائیں۔<br>• سورۃ الحجرات میں بیان کردہ معاشرتی تعلیمات کی فہرست تیار کر کے اپنا جائزہ لیں۔ |

## 5. ہدایات برائے معلمین / تدریسی حکمتِ عملی

### ناظرۂ قرآنِ مجید:

- ناظرۂ قرآن مجید کا تعلق پڑھنے اور سننے کی مہارت سے ہے۔ درست لب و لہجہ میں پڑھنے کے لیے ناظرہ قرآن کی تدریس صوتی طریقہ سے کی جائے۔
- ناظرۂ قرآن مجید درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھنے کے لیے حروف کی آوازیں سنا کر درست ادائی کی مشق کرائی جائے۔
- طلبہ میں درست تلفظ کے ساتھ ناظرۂ قرآن مجید پڑھنے کی مہارت پیدا کرنے کے لئے مؤثر عملی سرگرمیاں مرتب کی جائیں۔
- ملی جلی اور مختلف آوازوں والے حروف کی شناخت کروا کر عملی مشق کرائی جائے۔
- موٹے اور باریک پڑھے جانے والے حروف کا فرق طلبہ کو سمجھایا جائے۔
- طلبہ میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے آڈیو، ویڈیو، کوئز اور حسن قرأت پر مشتمل سرگرمیاں کرائی جائیں۔
- طلبہ میں قرآن مجید کی عظمت اور محبت کا احساس اجاگر کیا جائے۔
- تدریس قرآن عبادت اور اجر و ثواب کی نیت سے کی جائے۔

### ترجمۂ قرآن مجید:

- طلبہ میں قرآن فہمی کی صلاحیت پیدا کریں تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے آفاقی پیغام کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی اس کے مطابق ڈھال سکیں۔
- طلبہ کی تفہیم کے لئے معلوم سے نامعلوم اور آسان سے مشکل کے اصولوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے تدریس کی جائے۔
- مشکل تعبیرات، غیر معروف اصطلاحات سے اجتناب کیا جائے۔
- تدریس کے آغاز میں آیتِ مبارکہ کی درست تلفظ کے ساتھ تلاوت کرائی جائے۔
- سابقہ واقفیت جانچنے کے لئے متعلقہ موضوع کے متعلق چند سوالات پوچھے جائیں۔ سوالات کے جوابات دینے کے لئے انہیں مناسب وقت دیا جائے اور اُن کی راہ نمائی کی جائے۔
- طلبہ سے دوران تدریس سورتوں کے بنیادی مضامین اور اہم نکات اخذ کرائے جائیں۔
- طلبہ کو ایسی عملی سرگرمیاں کروائی جائیں جن کے ذریعے طلبہ میں قرآن فہمی کی صلاحیت پیدا ہو اور اُن کے اخلاق و کردار کو قرآن و سنت کے مطابق سنوارا جا سکے۔
- دورانِ تدریس سوال و جواب اور مباحثی طریقہ ہائے کار کو ضرورت کے مطابق اور مثبت انداز میں استعمال کیا جائے۔
- اساتذہ کرام ایسے طریقہ ہائے تدریس اپنائیں جن سے طلبہ میں قرآن فہمی کی بہترین صلاحیت پیدا ہو۔
- اساتذہ کرام عصرِ حاضر کے مسائل قرآن و سنت کی روشنی میں سمجھائیں تا کہ قرآن مجید طلبہ کی روزمرہ زندگی کا حصہ بن سکے۔
- طلبہ کو قرآنی دعائیں مع ترجمہ یاد کرانے کا اہتمام کیا جائے اور انہیں معمول بنانے کی ترغیب دی جائے۔

## 6. ہدایات برائے مصنفین/مؤلّفین

- مصنفین / مؤلفین کتاب کا مواد لکھنے سے پہلے نصاب میں دیے گئے معیارات، حدودِ تدریج اور حاصلاتِ تعلّم کا بغور جائزہ لیں۔
- درسی کتاب کے متن کی زبان سادہ، عام فہم اور روزمرہ بول چال کے مطابق ہو۔ مشکل اور متروک اور غیر معروف الفاظ و تراکیب کے استعمال سے مکمل اجتناب کیا جائے۔
- معلمین کے لئے قرآنی اصطلاحات کی مختصر وضاحت کی جائے۔
- اعراب اور رموز او قاف کا خصوصی اہتمام کیا جائے۔
- درسی کتب میں عربی متن **"انجمن حمایتِ اسلام"** کے نسخہ کے مطابق ہو۔
- ترجمۂ قرآن مجید کے لیے درسی کتاب میں ترجمہ متفقہ ترجمہ کے مطابق دیا جائے۔
- قرآنی آیت اور اس کے ترجمہ کے رنگ میں مطابقت کا خصوصی خیال رکھا جائے۔
- مشقی سوالات حاصلات تعلم کو مد نظر رکھتے ہوئے مرتب کیے جائیں۔
- ہر سبق کے آخر میں طلبہ کے لئے سرگرمیاں اور اساتذہ کے لئے ہدایات دی جائیں۔
- طلبہ کے لئے ایسی دل چسپ اور معیاری سرگرمیاں شامل ہوں جو اُن میں درست تلفظ کے ساتھ قرآن پڑھنے اور قرآن فہمی کی صلاحیت پیدا کر سکیں۔
- اساتذۂ کرام کے لئے ایسی ہدایات شامل کی جائیں جن کے ذریعے وہ طلبہ میں ایسی مہارتیں پیدا کر سکیں جو قرآن کو سیکھنے، سمجھنے اور عمل کے لیے ضروری ہیں۔
- دورانِ تصنیف قرآن و سنت سے متصادم تصوّرات یا فرقہ واریت پھیلانے والے مواد / رجحانات سے اجتناب کیا جائے۔
- گرائمر کا حصہ ہر سبق کے آخر میں تدریجاً دیا جائے اور اس کی تقسیم کے لئے سرگرمیاں اور مشقی سوالات بھی شامل کئے جائیں۔
- سورتوں کے تعارف اور بنیادی مضامین کے متعلق مواد مستند اور بنیادی ماخذ سے شامل کیا جائے۔ طوالت اور تکرار سے اجتناب کیا جائے۔

## 7. جائزہ اور مشقی سوالات سے متعلق ہدایات

### I. ناظرۂ قرآن مجید کا جائزہ / امتحان:

- ناظرۂ قرآن مجید کا جائزہ قرآن مجید کے متن سے لیا جائے۔
- طلبہ کی تفہیم کا جائزہ حاصلاتِ تعلّم کے مطابق لیا جائے۔
- نصاب میں موجود تجویدی قواعد سے متعلق حاصلاتِ تعلّم کا بھی جائزہ لیا جائے۔
- درست تلفظ، قواعد، روانی اور رموز او قاف کے مطابق قرآن مجید کی تلاوت کا جائزہ لیا جائے۔

### II. ترجمۂ قرآن مجید کا جائزہ / امتحان:

- ترجمۂ قرآن مجید کا جائزہ جماعت وار حاصلاتِ تعلّم کے مطابق تحریری ہو گا۔
- ہر سبق کے آخر میں مشقی سوالات تین طرح سے منقسم ہوں۔

  (الف) کثیر الانتخابی

  (ب) مختصر سوالات

  (ج) تفصیلی سوالات
- قرآن مجید کی آیاتِ مبارکہ کے ترجمہ اور مفہوم سے متعلق جائزہ لیا جائے۔
- طلبہ کی اس صلاحیت کا جائزہ لیا جائے کہ انہوں نے قرآنی الفاظ کے معانی، متن کا لفظی اور بامحاورہ ترجمہ اور مفہوم سمجھا ہے یا نہیں۔
- طلبہ کی یادداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے علم، تفہیم اور اطلاق کے سوالات کے ذریعے جائزہ لیا جائے۔
- سوالات طلبہ کی ذہنی سطح اور حاصلاتِ تعلّم سے مطابقت رکھتے ہوں۔
- مشقی سوالات کی تعداد تدریجاً بڑھائی جائے۔
- مشقی سوالات میں تکرار سے گریز کیا جائے۔
- مشقی سوالات معیاری اور جائزہ کے اصولوں کے مطابق ہوں۔

# ہدایات برائے پبلشرز

- ❖ عنوانات اور متن کا فونٹ سائز پرائمری، ایلیمنٹری، سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری کے طلبہ کی عمر کے مطابق بتدریج رکھا جائے۔
- ❖ چھوٹی جماعتوں میں متن کا فونٹ سائز 18 ہو۔ اُس کے بعد بتدریج کمی کی جائے۔
- ❖ متن کو دلچسپ بنانے کے لیے مناسب رنگوں کا استعمال کیا جائے۔
- ❖ بیرونی سرورق رنگین اور دیدہ زیب ہو۔
- ❖ درسی کتب کی تیاری میں معیاری اور اچھے کاغذ کا استعمال کیا جائے۔
- ❖ صفحات کی تعداد بتدریج بڑھائی جائے۔
- ❖ کتاب کی جلد بندی مضبوط اور معیاری بنائی جائے۔
- ❖ ترجمۂ قرآن مجید میں ایسا رنگ شامل نہ کیا جائے جس سے متن واضح نظر نہ آئے۔

## Curriculum Review and Development Committee:

1. **Ms. Shabana Shaheen**
   Subject Specialist (Desk Officer) Islamiyat
   DCTE Abbottabad

2. **Dr. Muhammad Javed**
   Principal
   Govt: High School Sheikh ul Bandi Abbottabad

3. **Muhammad Naseem Khan**
   Principal ®
   GHSS Behali Mansehra

4. **Dr. Aminullah Khan**
   Assistant Professor
   GPGC Mandian Abbottabad

5. **Masood ur Rehman**
   SAT
   GHSS Sara-e-Saleh Haripur

## Review Supervision:

1. **Mr. Jaffar Mansoor Abbasi**
   Director
   Directorate of Curriculum & Teacher Education KP, Abbottabad

2. **Ms. Sadia Aziz**
   Additional Director (Curriculum & Textbooks Review)
   Directorate of Curriculum & Teacher Education KP, Abbottabad

## IT Team:

1. **Mr. Sufian Matloob**
   Directorate of Curriculum & Teacher Education KP, Abbottabad

2. **Mr. Hussnain Mohavia**
   Directorate of Curriculum & Teacher Education KP, Abbottabad

**DIRECTORATE OF CURRICULUM & TEACHER EDUCATION**

KHYBER PAKHTUNKHWA ABBOTTABAD